كتاب الصيام

ایّام معدودات اور آپ کے سوالات

اس میں آپ پڑھ سکیں گے، روزے کی حالت میں : ٹوتھ پیسٹ ، انجیکشن ، سگریٹ، حقہ ، شیشہ پینا، آنکھ،کان اور ناک میں دوائی ڈالنا، لپ سٹک اور موتھ واش، انسولین، شوگر ٹیسٹ ، موئے زیر ناف ،چہرے پر کریم لگانا، سوئمنگ پول میں نہانا، کونٹیکٹ لینز، انیما، کیتھیٹر، ڈائلیسس، ہوائی جہاز میں وقت افطار، روزے کا فدیہ، چھے ماہ دن والے علاقوں میں اور امتحانات میں روزہ کے احکام ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اور بھی بہت کچھ

مرتّب: خالد تسنیم المدنی

(غفراللہ ذنبہ الخفي والجلي)

+44 7429 436 326 /IslamicQueriesUK /IslamicQueries

(كتاب الصيام)

(ایّام معدودات اور آپ کے سوالات)

سوال: کیا روزے کی حالت میں ٹوتھ پیسٹ یا منجن دانتوں پر استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب: جی نہیں۔ ایسا کرنا مکروہ ہے اور اگر ٹوتھ پیسٹ یا منجن کے ذرات حلق سے نیچے اتر گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(كتاب المبسوط للسرخسي ج٣ ص ٩٣)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:201 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/2kAe4dDQG8E

سوال: کیا روزے کی حالت میں خون ٹیسٹ کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(سنن الترمذي رقم الحديث ٧١٩)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:198 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/vo1bAZ17Q2Q

سوال: کیا انجیکشن (ٹیکہ) لگوانے سے روزہ فاسد ہو جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔ (البتہ بلاوجہ روزے کی حالت میں انجیکشن لگوانے سے اجتناب کریں)

(مقالات شارح بخاری ج ١ ص ٤٠٨-٣٩٨) (در المختار مع رد المحتار، ج ٣ ص ٣٩٥)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/4IC3wcGTq3w

سوال: کیا حالت روزہ میں آنکھ میں دوائی ڈال سکتے ہیں؟

جواب: نہیں۔ البتہ سرمہ لگا سکتے ہیں۔

(سنن ابن ماجہ رقم الحدیث ١٦٧٨، تفہیم المسائل ج ١ ص ١٨٨/١٩٢)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:199 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/IEubmFZb_jI

سوال: کیا عورت دوائی کے ذریعے قصدًا اپنی ماہواری کو روک کر رمضان کے روزے رکھ سکتی ہے؟

جواب: جی ہاں، جبکہ کوئی طبی نقصان نہ ہو۔

(الاشباہ و النظائر، لابن نجیم، الفن الاول تحت القاعدۃ الثانیۃ ج ١ ص ٧٣)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:188 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/HG5AHWbzJlg

سوال: کیا کان میں دوائی ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔ البتہ اگر کان کا پردہ پھٹا ہوا ہے تو پھر ٹوٹ جائے گا۔

(تفہیم المسائل ج ١ ص ١٩٢)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:204 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/jz3h-2ICU1g

سوال: کیا دانتوں یا مسوڑھوں سے خون نکلے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، جبکہ خون حلق سے نیچے نہ جائے۔

(درر الحکام شرح غرر الاحکام، ج ۱ ص ۲۰۱)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:189 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/jB3_mGwIgoY

سوال: کیا امتحانات کی وجہ سے رمضان کا روزہ چھوڑ سکتے ہیں؟

جواب: نہیں۔

(مسند امام احمد رقم الحدیث، ۱۰۰۸۱)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:196 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/_C0GFsXmxZQ

سوال: کیا روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے بوس وکنار کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، بشرطیکہ انزال یا جماع کا اندیشہ نہ ہو۔

(صحیح المسلم رقم الحدیث ۱۱۰۶)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:215 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/I5LPJVe8obY

سوال: کیا بھول کر کھانے یا کچھ پی لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔ جبکہ واقعی روزہ یاد نہ ہو

(صحيح البخاري رقم الحديث ١٩٣٣)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:191 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/_mhGo4I3T78

سوال: کیا روزے کی حالت میں احتلام ہونے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(سنن الترمذي رقم الحديث ٧١٩)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:195 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/IS18vR5ja0c

سوال: کیا پچھنے (حجامہ) لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔

(سنن ابن ماجہ رقم الحديث ١٦٨٢)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:213 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/W9xnHiNUrAo

سوال: کیا قے کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔ خود بخود قے آنے سے روزہ نہیں ٹوٹتا البتہ اگر کوئی قصدًا قے کرے اور وہ منہ بھر ہو اور روزہ ہونا بھی یاد ہو تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(مصنف عبد الرزاق رقم الحديث ٧٥٥٠)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:197 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/hFF-q4RBoa4

سوال: کیا سگریٹ، حقہ یا شیشہ پینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الأبحر ج ١ ص ٢٤٥)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:209 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/ei-PsgCQfLQ

کیا ناک میں دوائی ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں۔

(ردالمحتار علی الدر المختار ج ٢ ص ٤٠٢)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:195 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/mXmd4nnra6M

سوال: کیا حاملہ عورت کو بھی روزے رکھنا ضروری ہیں؟

جواب: جی ہاں۔ البتہ اگر اس کو اپنی یا بچہ کی جان یا کسی قسم کے نقصان کا خطرہ ہو تو اسے روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے مگر بعد میں قضا کرنا ہو گا۔

(سنن الترمذي رقم الحديث ٧١٥)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:203 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/IdG-TFNIQ9g

سوال: روزے کی حالت میں عورت کو ماہواری شروع ہو جائے تو کیا اس روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: جی ہاں، (اگرچہ غروب افطار سے چند منٹ پہلے شروع ہو)

(صحیح البخاري رقم الحديث ٣٠٤)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:208 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/V7MQtciiQOc

سوال: کیا روزے کے لئے سحری کھانا ضروری ہے؟

جواب: نہیں۔ لیکن سحری ترک کرنا ایک سنت کی برکت و ثواب سے محرومی ہے

(سنن الترمذي رقم الحديث ٧٠٨)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:193 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/DUInF1O6B2E

سوال: کیا رمضان سے پہلے صدقہ فطر ادا کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

(الفقہ الاسلامی و ادلتہ ج ٣ ص ٢٠٤١)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:186 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/wgsPmuBTrUc

کیا حالت روزہ میں آنکھ میں سرمہ ڈال سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

(سنن ابن ماجہ رقم الحديث ١٦٧٨)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:192 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/IEubmFZb_jI

سوال:کیا سرخی (لپ سٹک) یا لپ بام روزے کی حالت میں لگا سکتے ہیں؟

جواب : جی ہاں، مگر جس کو زبان ہونٹوں پر پھیرنے کی عادت ہو اسے منع ہے۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:206 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/Fkz5zjNdQuo

سوال:انہیلر استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب جی ہاں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:200 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/ErXmC_8ya4I

سوال:کیا روزے کی حالت میں اگر بتی یا بخور کا دھواں سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:جی ہاں، جبکہ قصدًا ایسا کیا ہو۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ٢ ص ٣٩٥)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:209 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/ei-PsgCQfLQ

سوال:کیا روزے کی حالت میں مشت زنی کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟

جواب:جی ہاں جبکہ انزال ہو جائے۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:211 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/qGc3f5q2ccI

سوال: کیا بام یا وِکس استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب : نہیں، جبکہ بیرونی استعمال ہو، البتہ اگر وِکس کی بھاپ لی یا ناک کے اندرونی حصہ میں استعمال کیا تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:214 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/L53sirUHZbQ

سوال: ہوائی جہاز میں کس ملک کے وقت کے مطابق روزہ افطار کریں گے؟

جواب: جہاز کی بلندی اور محل وقوع کے اعتبار سے جب سورج غروب ہو گا۔

(رد المحتار علی الدر المختار، ج ۲ ص ۴۲۰)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:205 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/gIUt4x2r3I0

سوال: کیا روزے کی حالت میں گلوکوز استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب: اگر انجیکشن کے ذریعے استعمال کیا تو روزہ نہیں ٹوٹے گا (مگر بھوک سے بچنے کے لیے ایسا کرنا مکروہ ہے)

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/4IC3wcGTq3w

سوال:روزے کی حالت میں جسم پر تیل لگانے یا تیل کی مالش کرنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:نہیں۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۳۹۵)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/4IC3wcGTq3w

سوال: کیا روزے کی حالت میں گندی فلم دیکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں،(مگر بدنگاہی کا گناہ ہوگا)

(السنن الکبری رقم الحدیث ۵۶۷)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:110 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/wsD61nop4sI

سوال:کیا روزے کی حالت میں شوگر ٹیسٹ کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں۔

(جامع الترمذی رقم الحدیث ۷۱۹)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No: 6 & 213 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/W9xnHiNUrAo

https://youtu.be/v7RKsqn9k1c

سوال: افطار کی دعا روزہ افطار کرنے سے پہلے پڑھنی چاہیے یا بعد میں؟

جواب:بعد میں۔

(مرقاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح، تحت رقم الحدیث ۱۹۹۴)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:37 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/-rwYpZmukeE

سوال:کیاہونٹوں کی خشکی دور کرنے کے لئے لپ بام/چپ سٹک لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں،مگر جس کو زبان ہونٹوں پر پھیرنے کی عادت ہو اسے منع ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:206 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/Fkz5zjNdQuo

سوال: کیا موئے زیر ناف یا بغلوں کے بال اتارنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:12 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/HpM-rexKfGc

سوال:کیا سخت گرمی میں فقط ٹھنڈک حاصل کرنے کے لیے نہانے سے روزے ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب : نہیں۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۳ ص ۳۹۵)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/4IC3wcGTq3w

سوال: کیا روزے کی حالت میں انسولین لینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: انجیکشن کے ذریعے انسولین لینے سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/4IC3wcGTq3w

سوال: کیا روزے کی حالت میں پرفیوم یا عطر لگا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:13 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/-f4x-0aiqNY

سوال: کیا روزے کی حالت میں چہرے پر کریم، بلیچ یا میک اپ کرنے سے روزہ ٹوٹ جائے جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:11 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/yPQd9s1p_zQ

سوال:کیا منہ میں راستے کا گرد غبار چلا جائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:جی نہیں۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحرج ۱ ص ۲۴۵)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:209 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/ei-PsgCQfLQ

سوال:کیا ڈرپ لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحرج ۱ ص ۲۴۴)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:207 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/4lC3wcGTq3w

سوال:کیا دودھ پلانے والی عورت کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

جواب : جی ہاں، دودھ پلانے والی عورت کو اگر روزہ رکھنے سے اپنی یا بچے کی جان کا یا اس کے بیمار ہوجانے کا اندیشہ ہو تو اس کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے مگر بعد میں قضا کرنا ہو گا۔

(سنن ابن ماجہ رقم الحدیث ١٦٦٧)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:203 کو ملاحظہ کریں
https://youtu.be/IdG-TFNIQ9g

سوال :روزے توڑنے کا کفارہ کیا ہے؟

جواب:غلام آزاد کرنا ، اگر غلام پر قدرت نہ ہو (جیسا کہ آجکل غلام نہیں ملتے) تو پھر لگاتار ساٹھ روزے رکھنا، اگر ان کی استطاعت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دو وقت کا کھانا کھلانا

۔ (یاد رکھیں ہر روزہ توڑنے سے کفارہ لازم نہیں آتا ، کفارہ لازم ہونے کے لئے اس کی شرائط کا پایا جانا ضروری ہے)

(سورۃ المجادلۃ-۳-٤)

اسی جواب کی مزید تفصیل اور دلیل کے لئے اس لنک پر کلک کریں یا islamic Queries کے چینل سے Q.No:231 & 232 کو ملاحظہ کریں

https://youtu.be/GnfgN6mhSso

https://youtu.be/-ny1XValmGg

سوال: کتنی عمر کے بچوں کو روزہ رکھنا چاہیے؟

جواب :بچے کی عمر دس سال ہو جائے اور وہ روزے کی طاقت رکھتا ہو تو اسے روزہ رکھوایا جائے۔

(ردالمحتار علی الدر المختار، ج ۳ ص ۴۲۱)

سوال:کیا حائضہ رمضان میں کھاپی سکتی ہے یا روزہ دار کی طرح رہنا ضروری ہے؟

جواب:جی ہاں کھا سکتی ہے مگر بہتر ہے چھپ چھپ کر کھائے۔

(مصنف عبد الرزاق، رقم الحدیث ۱۲۹۵)

سوال:کیا روزے کی حالت میں سوئمنگ پول میں نہا سکتے ہیں؟

جواب:نہیں نہانا چاہیے،(ناک ،آنکھ یا منہ کے ذریعے پانی اندر جانے کا خطرہ ہے)۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال:کیا روزے کی حالت میں کونٹکٹ لینز لگا سکتے ہیں؟

جواب:نہیں، کیونکہ اس کا سلوشن آنکھ میں جائے گا جو مفسد صوم ہے۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحرج ۱ ص ۲۴۴)

سوال:کیا غیر مسلم کی دی ہوئی چیز سے روزہ افطار کر سکتے ہیں؟

جواب:جی ہاں،جبکہ وہ گوشت،اورناپاک چیز نہ ہو۔

(الفتاوی الهندیة المعروف فتاوی عالمگیری،ج ۵ ص ۳۴۷)

سوال:کیامنہ میں نسوار رکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:جی ہاں،

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال:ہوائی جہاز کی بزنس کلاس ، ائیر کنڈیشنر گاڑی یا لیموزین پر سفر کرنے والا شخص بھی روزہ چھوڑ سکتا ہے؟

جواب:جی ہاں،جبکہ اس کا سفر شرعی ہو (۹۲بانوے کلویٹر)اور فجر حالت سفر میں طلوع ہو۔

(سورة البقرة ١٧٤)

سوال:عرب ملک میں کام کرنے والا شخص چاند رات کو واپس اپنے ملک آیا مگر یہاں پر ابھی ایک روزہ باقی ہے تو کیا وہ ایک روزہ اور رکھے گا یا عید کرے گا؟

جواب :ایک روزہ اور رکھے گا۔

(جامع الترمذی، رقم الحدیث ٦٩٧)

سوال:اگر کوئی شخص اپنے ملک سے روزے رکھتے ہوئے ایک عرب ملک میں گیا جن کا روزہ ایک دن آگے تھا تو کیا یہ ان کی عید والے دن روزہ رکھے گا یا ان کے ساتھ عید کرے گا؟

جواب :ان کے ساتھ عید کرے ،مگر بعد میں ایک روزہ کی قضا کرے۔

(جامع الترمذی، رقم الحدیث ٦٩٧)

سوال: سحری کھا لینے کے بعد جب تک کلی نہ کی جائے تو روزہ نہیں ہوتا ، کیا یہ بات درست ہے؟

جواب:یہ بات غلط ہے،مگر کلی کر لینا بہتر ہے ۔

(سورۃ البقرۃ، ١٨٧)

سوال:کیا اَمراض قلب کے لیے زبان کے نیچے گولی رکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب :جی ہاں، کیونکہ زبان کے نیچے رکھی دوائی کا اثر حلق تک ضرور جاتا ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ٩٣١٩)

سوال:کیا روزے کی حالت میں مصنوعی آکسیجن لینے روزہ ٹوٹا جاتا ہے؟

جواب:جی ہاں۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۳۹۵)

سوال:کیا آر سی ٹی (دانتوں کا علاج) کروانے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:جی ہاں، جبکہ دوائی یا خون حلق میں جائے۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال:کیا انڈوسکوپی (کیمرہ کے ذریعہ اندرونی چیک اپ) کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:جی ہاں، جبکہ کیمرہ پر دوائی وغیرہ لگی ہو۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۳۹۵)

سوال :کیا مریض کو بیہوش کرنے سے اس کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:اگر سلینڈر کے ذریعے اس کے ناک یا منہ میں گیس پہنچا کر یا کوئی دوائی سُنگھا کر بیہوش کیا گیا ہے تو ٹوٹ جائے گا، اور اگر انجیکشن کے ذریعے بیہوش کیا گیا تو نہیں ٹوٹے گا۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۳۹۵)

سوال: فیملی پلانگ (خاندانی منصوبہ بندی) کرنے کے لئے عورت اپنے رحم میں چھلا رکھوائے تو کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب:جی ہاں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال: کیا مرد کے عضو مخصوص میں کیتھیٹر (آلہ علاج) داخل کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۳ ص ۳۹۵)

سوال: کیا ڈائلیسس (گردے کی صفائی والا عمل) کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: اس کے مختلف طریقے ہیں، اگر ہیمو ڈائلیسس والا طریقہ اختیار کیا جائے تو روزہ نہیں ٹوٹ گا۔

(مجمع الانہر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

سوال: کیا اینما (جدید حقنہ کا طریقہ کار) کروانے سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: جی ہاں۔

(بدائع الصنائع ج ۲ ص ۹۳)

سوال: کیا زخم پر دوائی لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، جبکہ وہ زخم سر یا پیٹ کا نہ ہو۔

(الفتاوی الہندیۃ المعروف فتاوی عالمگیری، ج ۱ ص ۲۰۳)

سوال: کیا نیبولائزر (پھیپھڑوں کی تکلیف کا آلۂ علاج) استعمال کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی ہاں،۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۳۹۵)

سوال: کیا روزے کی حالت میں اپنا خون کسی مریض کو دینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، مگر اتنا خون دینا جس سے کمزوری آئے مکروہ ہے

(السنن الکبری رقم الحدیث ۵٦۷)

سوال: کیا روزے کی حالت میں ہونٹوں پر گلیسرین لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، مگر جس کو زبان ہونٹوں پر پھیرنے کی عادت ہو اسے منع ہے۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: چوٹ لگنے کی وجہ سے زخم سے لگاتار خون بہہ رہا ہے کیا اس سے روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: نہیں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: کیا روزے کی حالت میں دانت نکلوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، جبکہ خون یا کوئی چیز حلق میں نہ جائے، (فی زمانہ ڈینٹسٹ جو طریقہ اختیار کرتے ہیں اس سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے)

(السنن الکبری رقم الحدیث ۵٦۷)

سوال: کیا روزے کی حالت میں موتھ واش استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب:جی نہیں۔ایسا کرنا مکروہ ہے اور اگر موتھ واش کے ذرات حلق سے نیچے اتر گے تو روزہ ٹوٹ جائے گا۔

(کتاب المبسوط للسرخسی ج۳ ص۹۳)

سوال: کیا روزے کی حالت میں نیکوٹن پیچ لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، البتہ روزے کے اثرات میں تخفیف کی نیت سے لگانا مکروہ ہو گا۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

سوال:کیا زخم پر ٹانکے لگوانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال:کیا روزے کی حالت میں زبان کے نیچے گولی (ٹیبلٹ) رکھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:جی ہاں،جبکہ اس کا کوئی ذرہ حلق میں اتر جائے۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال: کیا روزے کی حالت میں ناخن کاٹنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال: کیا گرمی سے بچنے اور یا پیاس کی شدت کو کم کرنے کے لئے رومال یا کوئی کپڑا گیلا کر سر پر رکھنے یا بدن پر موجود کپڑوں کو اسی نیت سے گیلا کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(سنن ابي دَاوُدَ، رقم الحديث ٢٣٦٥)

سوال: عورت اگر شرم کی وجہ سے حیض کے دنوں میں بھی روزے رکھے تو کیا وہ ایسا کر سکتی ہے؟

جواب: نہیں، وہ گنہگار بھی ہوگی اور اس کا روزہ بھی نہیں ہوگا۔

(مصنف عبد الرزاق، رقم الحديث ١٢٩٥)

سوال: :جہاں چھ ماہ کا دن اور چھ ماہ کی رات ہو وہاں سحری و افطار کس حساب سے کی جائے گی؟

جواب: اقرب البلاد کے طلوع و غروب شمس کے اعتبار سے۔

(حاشية الطحطاوی علی الدر المختار ج1 ص١٨٥)

سوال: کیا روزے کی حالت میں گلاب، چنبیلی، جاسمین یا کوئی بھی پھول سونگھنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔

(رد المحتار علی الدر المختار، ج ۲ ص ۴۱۷)

سوال: اگر غسل فرض ہو اور سحری کا وقت بھی بہت تھوڑا ہو تو کیا ناپاکی کی حالت میں سحری کھا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، بہتر ہے کم ازکم گندگی اور ہاتھوں کو دھونے کے بعد کرے ،

(بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ج ۲ ص ۸۹)

سوال: کیا رمضان میں افطاری کی وجہ سے مغرب کی جماعت میں تاخیر کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، مگر قلیل تاخیر (تقریباً سات منٹ)

(حاشية الطحطاوي ج ۱ ص ۱۸۳)

سوال: سگریٹ کا عادی شخص اگر وقتِ افطار سگریٹ سے افطاری کر سکتا ہے، مطلب کھجوریا کچھ اور کھانے کی بجائے وہ سگریٹ پی لے؟

جواب: ہاں، مگر خلاف سنت ہے۔

(سنن ابي دَاوُد، رقم الحديث ٦٩٦)

سوال: کیا حاملہ عورت روزے کی حالت میں viability scan / dating scan or Early pregnancy scan کروائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب : نہیں، کیونکہ یہ اسکین فقط پیٹ پر کیمرہ رکھ کر کیا جاتا ہے کوئی چیز جسم میں داخل نہیں ہوتی۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: کیا روزے کی حالت میں گانے یا میوزک سننے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب : نہیں ، مگر گناہگار ہو گا۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ۵٦۷)

سوال :جس عورت کی ماہواری دن میں ختم ہوئی تو کیا بقیہ دن روزدار کی طرح رہنا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں، مگر یہ روزہ شمار نہیں ہو گا۔

(البحر الرائق شرح کنز الدقائق ، ج ۲ ص ۳۱۳)

سوال: کیا روزے کی حالت میں جھوٹ بولنے ، عدالت میں جھوٹی وکالت، کرنے یا جھوٹی شہادت دینے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب : نہیں ، مگر گناہگار ہو گا۔

(عمدۃ القاری شرح صحیح البخاري ج ۱۰ ص ۲۷٦)

سوال :جس عورت کی ماہواری دس دن کے بعد رات کو ختم ہوئی مگر ابھی غسل نہیں کیا تو کیا اس پر روزہ رکھنا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں، اگرچہ ابھی غسل نہ کیا ہو۔

(بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ج ۲ ص ۸۹)

سوال :جس عورت کی ماہواری دس دن سے کم رات کو ختم ہوئی مگر ابھی غسل نہیں کیا تو کیا اس پر روزہ رکھنا ضروری ہے؟

جواب جی ہاں، جبکہ طلوع فجر سے قبل غسل کا وقت ہو چاہے غسل کرے یا نہ کرے

(بدائع الصنائع فی ترتیب الشرائع ج ۲ ص ۸۹)

سوال: جو شخص بالکل نماز نہ پڑھتا ہو اور روزہ رکھے تو کیا اس کا روزہ جائے گا؟

جواب:جی ہاں، مگر ترک نماز کی وجہ سے گناہگار ہو گا۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال: جس عورت کو معلوم ہے کہ کل دن میں میری ماہواری شروع ہو جائے گی تو کیا پھر بھی اس کو اس دن کا روزہ رکھنا ہو گا؟

جواب :جی ہاں، مگر جب ماہواری آئے گی تو روزہ خود بخود ٹوٹ جائے گا اور بعد میں قضا بھی کرنا ہو گی۔

(صحيح البخاري رقم الحديث ٣٠٤)

سوال: کیا روزے کی حالت میں داڑھی منڈانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، مگر گناہگار ہو گا۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧، رد المحتار علی الدر المختار، ج ٦ ص ٤٠٧)

سوال: جس عورت کا حمل ساقط ہو جائے اس کو بھی روزہ رکھنا ضروری ہے؟

جواب: نہیں، جبکہ حمل متخلق ہو یعنی بچے کی شکل و صورت اور أعضاء واضح ہو۔ لہذا اب اس کا خون نفاس والا ہے۔

(الفتاوی الهندیة المعروف فتاوی عالمگیری، ج ١ ص ٣٧)

سوال: جس عورت کو بیماری (استحاضہ) کی وجہ سے خون آتا ہو تو کیا اس کو روزہ معاف ہے؟

جواب: نہیں۔

(سورۃ البقرۃ، ١٨٥)

سوال: کیا بیمار شخص وقت افطار اپنی دوائی سے روزہ افطار کر سکتا ہے؟

جواب: جی ہاں

(البحر الرائق شرح کنز الدقائق، ج ٢ ص ٢٨٢)

سوال کیا روزے کی حالت میں جِم جا کر ورزش کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں، مگر جس کی بھوک و پیاس کی شدت میں اضافہ ہو گا اس کے لئے مکروہ ہے۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۳ ص ۴٦۰)

سوال: روزے کی حالت میں تشخیص مرض کے لئے عورت کے عضو مخصوص میں اگر آلہ یا انگلی داخل کی تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: نہیں، جبکہ اس پر کوئی دوائی نہ ہو

(الفتاوی الھندیہ المعروف بفتاوی عالمگیری، ج ۱ ص ۲۰۴)

سوال: کیا رمضان کی راتوں میں اپنی بیوی سے وظیفہ زوجیت کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، (مگر طلوع فجر سے پہلے پہلے)۔

(القران سورۃ البقرۃ ۱۸۷)

سوال: کیا روزے کی حالت میں اپنی بیوی سے وظیفہ زوجیت کرنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

.جواب: جی ہاں۔

(صحيح البخاري رقم الحديث ١٩٣٥)

سوال: کیا میاں بیوی کا روزے کی حالت میں اکٹھے لیٹنے یا سونے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب نہیں، جبکہ صحبت کا اندیشہ نہ ہو البتہ جوان میاں بیوی کو پرہیز کرنی چاہیے۔

(صحيح المسلم رقم الحديث ١١٠٦)

سوال: کیا روزے کی حالت میں عورت مہندی لگا سکتی ہے؟

جواب: جی ہاں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال: کیا منہ میں موجود تھوک نگلنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: نہیں۔جبکہ فقط تھوک ہی ہو، مطلب ساتھ کسی اور چیز کا ذائقہ شامل نہ ہو۔

(الفتاوی الہندیۃ المعروف فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۲۰۳)

سوال: اگر وضو کے دوران غلطی سے پانی حلق سے نیچے اترگیا تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: جی ہاں، جبکہ روزہ ہونا یاد ہو۔

(الفتاوی الہندیۃ المعروف فتاوی عالمگیری ج ۱ ص ۲۰٤)

سوال: کیا روزے کی حالت جسم پر چوٹ لگ جائے اور خون نکل آئے تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

کیا روزے کی حالت میں مسواک کر سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں۔

(سنن ابی داود، رقم الحدیث ۲۳٦۴)

سوال: اگر رمضان میں دن بہت لمبے ہوں تو کیا روزہ چھوڑ سکتے ہیں؟

جواب:جی نہیں۔

(مسند احمد رقم الحدیث ۱۰۰۸۱)

سوال:بواسیر کے مریض کو روزے کی حالت میں اگر بواسیر شروع ہو جائے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب : نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ٥٦٧)

سوال:کیا حالت روزہ میں ایکسرے، الٹرا ساؤنڈ س یا اسکین کرانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال:کیا روزے کی حالت میں جسم کا آپریشن کروانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب : نہیں، بشرطیکہ ان أعضاء سے پیٹ یا دماغ کی طرف کوئی منفذ(قدرتی سوراخ) نہ ہو۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال:کان کی صفائی کرنے کے لئے تنکا کان میں ڈالنے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟

جواب:نہیں۔

(مجمع الانھر شرح ملتقی الابحر ج ۱ ص ۲۴۴)

سوال: اگر کسی وجہ سے رات کو تراویح نہ پڑھ سکیں تو کیا اگلے دن کا روزہ ہو جائے گا؟

جواب: جی ہاں۔ بلکہ روزہ رکھنا اسی طرح فرض رہے گا جیسے پہلے فرض تھا،

(سورۃ البقرۃ ۱۷٤)

سوال: اگر ماں بچے کو اپنا دودھ پلائے تو روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب نہیں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: استنجاء کرتے ہوئے اگر پانی مقعد کے سوارخ میں چلا گیا تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا۔

جواب جی ہاں۔

(الفقہ الاسلامی و ادلتہ، ج ۲ ص ٦١٦)

سوال: کیا مسجد میں افطاری یا سحری کھا سکتے ہیں؟

جواب: جی ہاں، جبکہ اعتکاف (اگرچہ نفلی اعتکاف) کی نیت ہو اور مسجد کی صفائی کا کا خیال رکھا جائے۔

(الفتاوی الہندیۃ المعروف فتاوی عالمگیری، ج ۵ ص ۳۲۱)

سوال: روزے کی حالت میں اگر ناک سے خون آئے یا نکسیر پھوٹے تو کیا روزہ ٹوٹ جائے گا؟

جواب: نہیں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: کیا روزے کی حالت میں تھرمامیٹر زبان کے نیچے رکھ کر بخار چیک کرنے سے روزہ ٹوٹے گا؟

جواب: نہیں۔

(السنن الکبری رقم الحدیث ۵٦۷)

سوال: اگر کسی کو انگوٹھا چوسنے کی عادت ہو تو روزے کی حالت میں انگوٹھا چوسنے سے روزہ ٹوٹ جائے گا یا نہیں؟

جواب: نہیں، جبکہ انگوٹھے پر کسی چیز کے اثرات نہ ہوں۔

(مصنف ابن ابی شیبہ، رقم الحدیث ۹۳۱۹)

سوال: جس مزدور کا کام سخت محنت والا ہو کیا وہ اپنی حلال کمائی کی خاطر روزہ چھوڑ سکتا ہے؟

جواب: نہیں، روزے میں ایسی محنت والے کام سے اجتناب چاہیے۔

(در المختار مع رد المحتار، ج ۲ ص ۴۲۰)

سوال: کیا بیمار شخص کو روزہ معاف ہوتا ہے؟

جواب: جی ہاں، بشرطیکہ اس کو روزے رکھنے کی وجہ سے اپنی ہلاکت یا مرض کے بڑھ جانے کا ظن غالب ہو، مگر بعد میں قضا کرنا ہو گا۔

(سورۃ البقرۃ ١٧٤)

سوال:کیا مسافر کو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے؟

جواب: جس مسافر نے طلوعِ فجر سے قبل سفر شروع کیا اس کو تو روزہ چھوڑنے کی اجازت ہے بشرطیکہ شرعی سفر ہو(بانوے کلو میٹر ٩٢/) لیکن جس نے طلوعِ فجر کے بعد سفر کیا اس کو اُس دن کا روزہ چھوڑنے کی اجازت نہیں

(سورۃ البقرۃ ١٧٤)

سوال: اگر کوئی شخص روزے کی حالت میں شدید بیمار ہوجائے تو کیا وہ روزہ توڑ سکتا ہے؟

جواب: اگر یہ روزہ نہیں توڑے گا تو اس کی جان کو خطرہ ہو گا تو ایسی صورت میں روزہ توڑ دینے کی اجازت ہے مگر بعد میں قضا کرنا ہوگی۔

(رد المحتار علی الدر المختار ج ٣ ص ٤٦٢)

سوال:روزہ کا فدیہ کون شخص دے سکتا ہے؟

جواب: شیخ فانی (وہ بوڑھا جو روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے، اور روزہ رکھنے سے عاجز ہو اور امید بھی نہیں کہ آئندہ روزہ رکھ سکے، تو اس) کے لیے ہر روزے کے بدلے فدیہ دینا جائز ہے۔

(سورۃ البقرۃ ١٧٤)

سوال : ایک روزے کا فدیہ کتنا ہے؟

جواب: £4 چار پاؤنڈ فی کس روزہ۔

(یہ برطانیہ کے لئے ہیں، آپ اپنے ملک و علاقے کے مفتیان عظام سے رابطہ کر کے رقم معلوم کر لیں)

لیکن اصل حکم نصف صاع (ایک کلو اور نوسو بیس گرام) گندم یا اس کا آٹا دیدے یا اس کی قیمت دیدے اور اگر فدیہ جَو سے دینا ہو تو گندم سے دُگنا دینا ہوگا۔

(رد المحتار علی الدر المختار ج ٣ ص ٤٧٢)

*حیض و نفاس کے علاوہ جہاں روزہ ٹوٹنے کا حکم ہے وہاں یہ بھی ضروری ہے کہ روزہ یاد ہو

نوٹ: یہ مختصر جوابات عوام کی سہولت کے لئے لکھے گئے ہیں آپ کو جو بھی مسئلہ درپیش ہو اس کا جواب اپنی عقل سے سمجھ لینے کی بجائے بہتر ہے کسی مستند و معتمد مفتی صاحب سے رابطہ کریں۔

هذاماسنح لی،واللہ اعلم بالصواب

المفتقر الی رحمۃ اللہ التوّاب

از قلم:- خالد تسنیم المدنی (غفر اللہ الغني ذنبہ الخفي و الجلي)

What's app:+447429436326